امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

دُنیائے صحافت میں

آر۔ بی مظہری

ایم۔ اے۔ ایم فل

بشکریہ جناب خلیل احمد رانا صاحب

پیشکش :۔ محمد احمد ترازی

مرکزی مجلس رضا ۔ لاہور

سلسلہ مطبوعات مرکزی مجلس رضا (۵۲)

امام احمد رضا

دنیائے صحافت میں

محترمہ

آر۔ بی۔ مظہری

ایم۔ اے۔ ایم فل

ریسرچ اسکالر سندھ یونیورسٹی

حیدرآباد سندھ

مرکزی مجلس رضا رجسٹرڈ لاہور

کتاب ——— امام احمد رضا دُنیائے صحافت میں

موٗلفہ ——— آر. بی. منظہری

کاتب ——— ابو نعیم خانیوال

ناشر ——— مرکزی مجلس رضا رجسٹرڈ لاہور

مطبع ———

طباعت ——— ۱۴۰۳ھ / ۱۹۸۳ء

اشاعت ——— اوّل

تعداد ——— دو ہزار (۲۰۰۰)

قیمت ——— دعائے خیر بحق معاونین مجلسِ رضا

— پتا —

مرکزی مجلس رضا (رجسٹرڈ) نوری مسجد بالمقابل ریلوے اسٹیشن

پوسٹ بکس نمبر ۲۲۰۶ لاہور (پاکستان)

نوٹ:- بیرونجات کے حضرات ایک روپیہ کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب کریں۔

انتساب

افتخارِ سلف ، وقارِ خلف ، تاجدارِ اہلِ سنّت ، مفتیٔ اعظم ہند

مولانا محمد مصطفےٰ رضا خان قادری بریلوی قدس سرہ العزیز

کے نام

جن کے فیضِ بیکراں سے مسلمانانِ عرب و عجم مستفیض ہوئے

آر ۔ بی ۔ مظہری

اظہارِ تشکّر

مندرجہ ذیل کرمفرماؤں کی تہہ دل سے ممنون ہوں جن کے فراہم کردہ ذخیرۂ اخبارات و رسائل سے اس مقالے کی تدوین و ترتیب میں پورا پورا استفادہ کیا گیا :-

۱۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد رضوان اللہ (صدر شعبۂ دینیات، مسلم یونیورسٹی، علیگڑھ بھارت)

۲۔ مولانا محمد احمد مصباحی (رکن المجمع الاسلامی، مبارک پور، بھارت)

۳۔ مولانا محمد یاسین اعظمی (ریسرچ اسکالر، ریاض یونیورسٹی، سعودی عرب)

۴۔ مولانا افتخار احمد قادری (〃 〃 〃 〃)

۵۔ سید ریاست علی قادری (ڈائریکٹر ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی)

۶۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد (پرنسپل، گورنمنٹ ڈگری کالج، ٹھٹھہ، سندھ)

۷۔ شیخ محمد جعفر علیمی القادری صاحب (ڈائریکٹر اسلامک سنٹر، کراچی)

۸۔ جناب سراج الدین امجدی (آفس سیکرٹری، صدر دفتر ورلڈ اسلامک مشن، کراچی)

۹۔ مولانا ابوالخیر محمد زبیر (پرنسپل رکن الاسلام جامعہ مجددیہ، حیدرآباد سندھ)

۱۰۔ جناب حکیم محمد موسیٰ امرتسری (صدر مرکزی مجلس رضا، لاہور)

۱۱۔ جناب محمد ظہور الدین خاں (سیکرٹری 〃 〃 〃)

۱۲۔ جناب ابوزاہد نظامی (مدیر ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور)

۱۳۔ جناب مولانا اسد نظامی (جہانیاں منڈی، ضلع ملتان)

آر۔ بی۔ مظہری

حرفِ آغاز

امام احمد رضا کی شخصیت بڑی وسیع اور ہمہ گیر ہے گزشت چند سالوں میں ان پر بہت سا کام ہو چکا ہے اور بہت سا ہو رہا ہے۔ درحقیقت اس جدید تحریک کا سہرا مرکزی مجلسِ رضا (لاہور) کے سر ہے جو گزشتہ چودہ سال سے امام احمد رضا کے حالات و افکار سے متعارف کرانے کے لئے سرگرم عمل ہے اور نہایت اخلاص کے ساتھ اپنا مشن جاری رکھے ہوئے ہے، اس کے روحِ رواں حکیم محمد موسیٰ امرتسری ہیں ـــــ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین!

امام احمد رضا کا پاکستان کے تمام صوبوں میں اثر و رسوخ تھا خصوصاً پنجاب و سندھ اور سرحد میں ـــــــــ امام احمد رضا کے خلفاء، تلامذہ اور معتقدین و مریدین، سندھ میں آتے رہے۔ یہاں کے دینی اور سیاسی جلسوں میں شریک ہوئے اور بہت سے یہاں آباد ہوئے اور دینی و سیاسی خدمات میں مصروف رہے، ان کے بہت سے دینی مدارس سندھ میں موجود ہیں۔ ـــــــ سندھ کے مشہور عالم مولانا محمد عبدالکریم درس (کراچی)، امام رضا کے احباب میں تھے، ۱۹۰۶ء میں امام احمد رضا حج سے واپسی پر کراچی آئے اور ان کے ہاں قیام فرمایا پھر بمبئی تشریف لے گئے ـــــــ مولانا درس کے خاندان میں امام احمد رضا کے قلمی فتوے اور خطوط موجود ہیں جو امام احمد رضا نے مولانا عبدالکریم درس کے نام ارسال فرماتے تھے اس کے علاوہ سندھ کے ایک متبحر عالم شیخ ہدایت اللہ بن محمود بن محمد سعید السندی البکری (جو مدینہ منورہ میں بس گئے تھے)، امام احمد رضا کی عربی تصنیف الدولۃ المکیہ پر فاضلانہ

تقریظ تحریر فرمائی جس میں امام احمد رضا کے علم و فضل کو خوب خوب سراہا ہے اور "مجدد مائتہ حاضرہ" تحریر فرمایا ہے۔ اس تحریر کا عکس راقمہ کے پاس محفوظ ہے

امام احمد رضا کے انتقال ۱۹۲۱ء میں ہوا۔ ۱۹۲۲ء میں سندھ کے ایک ادیب و قلمکار جو پاکستان بننے کے بعد ڈپٹی کلکٹر کے عہدے پر بھی فائز رہے یعنی اللہ بخش عقیلی مرحوم (برادر بزرگ مرکزی وزیر خزانہ حکومت پاکستان، ایم۔ ایم عقیلی) نے امام احمد رضا پر اردو میں ایک مقالہ لکھا تھا جو انہوں نے ٹھٹھہ سے لاہور بھیجا اور وہاں ماہنامہ تصوف لاہور میں شائع ہوا

الغرض سندھ سے امام احمد رضا کا قدیمی تعلق تھا یہ اس تعلق کا کرشمہ ہے کہ سندھ کے ایک محقق پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد نے گزشتہ دس بارہ سال سے امام احمد رضا کو اپنا موضوع سخن بنا رکھا ہے اور اسی تعلق کی یہ کرامت ہے کہ سندھ کے بہت سے فاضلوں نے امام احمد رضا پر مضامین لکھے اور راقمہ کی یہ ناچیز کوشش بھی سندھ کی طرف سے امام احمد رضا کی خدمت میں ایک حقیر نذرانہ عقیدت ہے،

سندھ کے علاوہ پنجاب سے بھی امام احمد رضا کو خاص لگاؤ تھا، وہ لاہور تشریف لائے اور انجمن نعمانیہ کے ایک اجلاس میں ڈاکٹر اقبال نے بھی ان سے شرفِ نیاز حاصل کیا ـــــ امام احمد رضا کے خلفاء، تلامذہ اور مریدین بھی پنجاب میں بسے ـــ پنجاب میں امام احمد رضا کے افکار کی گہری چھاپ ہے۔ پنجاب کے علماء اور عدالت کے مسلمان ججوں نے امام احمد رضا سے استفادہ کیا جس کی شہادت فتاویٰ رضویہ کے مطالعہ سے ملتی ہے۔

سندھ، پنجاب کی طرح صوبہ سرحد و بلوچستان اور گلگت وغیرہ میں امام احمد رضا کے عقیدت مند موجود تھے اور موجود ہیں۔ امام احمد رضا کے دار العلوم منظر اسلام کے

فارغ التحصیل علماء صوبہ پنجاب کی طرح صوبہ سرحد میں بھی موجود ہیں، مولانا محمد زکریا (پشاور) جو اگرچہ مسلکاً دیوبندی تھے مگر اس کے باوجود امام احمد رضا کی فقیہانہ عظمت کے قائل تھے ——— المختصر بقول ڈاکٹر شیخ محمد اکرام پاک و ہند کے عوام مسلمان کی اکثریت پر امام احمد رضا کے اذکار کی چھاپ ہے ———

امام احمد رضا پر کتابی دُنیا میں بہت کچھ کام ہو چکا ہے اور بہت کچھ ہو رہا ہے۔ ہمارا موضوع صحافتی دُنیا کے علمی ذخیرے سے متعارف کرانا ہے اس لئے رسالوں اور اخباروں میں امام احمد رضا پر جو مقالات شائع ہو چکے ہیں (خصوصاً پاکستان میں) ان کی تفصیلات اس مقالے میں پیش کی جا رہی ہے۔

امام احمد رضا کے مقالات، مکاتیب اور فتاوے وغیرہ پاک و ہند کے جن اخبارات و رسائل میں شائع ہوئے ان کو ہم نے اس مقالے میں شامل نہیں کیا کیونکہ اس موضوع کے لئے ایک علیحدہ مقالہ کی ضرورت ہے۔

اخبارات اپنی اپنی صوابدید کے مطابق نئے نئے عنوانات قائم کرتے ہیں، چناں چہ کبھی ایک ہی مضمون کے ایک سے زیادہ عنوانات بن جاتے ہیں اور اصل عنوان کا پتہ نہیں چلتا اس لئے راقمہ نے اخبارات کے طویل عنوانات کو مختصر کر کے لکھا ہے۔ البتہ رسالوں کے عنوانات کو جوں کا توں نقل کر دیا ہے۔

امام احمد رضا کے عہد یا اس کے فوراً بعد جو کچھ شائع ہوا اس تک راقمہ کی رسائی نہ ہو سکی (اس مقالے میں اس عہد کے چند مضامین شامل کئے ہیں) چنانچہ یہ کمی مقالے میں رہ گئی ہے جس کو آئندہ پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ دراصل اس مقالے میں شامل اعداد و شمار کا تعلق زیادہ تر پاکستان سے ہے، ہندوستان میں جو کچھ ہوا وہ تمام و کمال حاصل نہ ہو سکا اس لئے زیادہ تر گذشتہ چودہ برسوں میں پاکستان میں جو کچھ شائع ہوا اسکی تفصیلات اس میں شامل ہیں۔ امام احمد رضا کو انتقال کئے ہوئے

۶۲ برس ہو چکے ہیں اس عرصے میں پاک و ہند اور بیرونی دنیا میں جو کچھ شائع ہوا اس کا احاطہ کرنے کے لئے ایک طویل جد و جہد درکار ہے۔ ان شاء اللہ آئندہ کوشش کی جائیگی کہ زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہوں اور نقش ثانی، نقش اول سے زیادہ مکمل ہو۔

مقالات و مضامین کی تدوین میں سنین کا اعتبار رکھا گیا ہے یعنی جو مقالہ پہلے شائع ہوا اس کا پہلے ذکر کیا ہے اور جو بعد میں شائع ہوا اس کا بعد میں ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اس لئے کیا گیا تاکہ مقالات مضامین کی روشنی میں تحقیق کرنے والوں کو مقالہ نگاروں کی نگارشات کا ارتقائی جائزہ لینے میں آسانی رہے۔ نیز اعلیٰ حضرت کے بارے میں درجہ بدرجہ اور منزل بہ منزل تحقیقات کا بخوبی اندازہ ہو سکے ـــــ اور مستقبل میں شائع ہونے والے مقالات و مضامین کا باسانی اضافہ کیا جا سکے۔

قارئین کرام کی نظر میں اگر ایسے مقالات و مضامین ہوں جو اس مقالے میں شامل نہیں کئے گئے تو ازراہِ کرم اس کی تفصیلات سے مطلع فرما کر ممنون فرمائیں۔

آر. بی. مظہری

۲۲۶۲ سی/۱۹ جھور امل لین

حیدرآباد سندھ (پاکستان)

۱۴۰۳ھ
۱۹۸۲ء

عکس

رسائل و اخبارات

فہرس

عکس رسائل و اخبارات

(رسائل)

نمبر شمار

۱۔ یادگارِ رضا (بریلی)، شمارہ ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء، ص
(قیس بریلوی : جذباتِ قیس)

۲۔ ماہنامہ تصوف (لاہور)، شمارہ ستمبر ۱۹۲۲ء، ص ۱۷
(اللہ بخش عقیل گھٹوی : حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی)

۳۔ ماہنامہ اعلیٰحضرت (بریلی)، شمارہ جون ۱۹۶۵ء، ص ۶
(ادارہ : ایک معمے کا حل)

۴۔ ماہنامہ مینارت (کراچی)، شمارہ اگست ۱۹۷۴ء، ص ۱۷
(پروفیسر اختر حسین : حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی)

۵۔ سالنامہ صریرِ خامہ (سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد)، شمارہ نعت نمبر ۱۹۷۸ء، ص: ۶۱
(ادارہ : شاہ احمد رضا بریلوی)

۶۔ ماہنامہ ضیائے حرم (لاہور)، شمارہ دسمبر ۱۹۷۹ء، ص ۵۵
(نظیر لدھیانوی : مولانا احمد رضا خاں بریلوی کا منتخب کلام)

۷۔ ماہنامہ صوت الشرق (قاہرہ)، شمارہ فروری ۱۹۸۰ء، ص: ۱۶

(پروفیسر ڈاکٹر محی الدین الوائی: مولانا احمد رضا خاں)

۸۔ سالنامہ معارف رضا (کراچی)، شمارہ امام احمد رضا نمبر ۱۹۸۱ء، ص ۴۰

(پروفیسر ابرار حسین، رسالہ در علم تکسیر الخ)

۹۔ ماہنامہ دی میسیج انٹرنیشنل (کراچی)، شمارہ مئی ۱۹۸۱ء، ص ۴۳

(پروفیسر غیاث الدین قریشی: مولانا احمد رضا خاں۔ اے پرنسپل ویو)

۱۰۔ ماہنامہ اشرفیہ (مبارکپور، بھارت) شمارہ اگست وستمبر ۱۹۸۱ء، ص ۱۷، ۱۸

(پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد: جدید و قدیم سائنسی افکار و نظریات اور امام احمد رضا)

۱۱۔ ماہنامہ دی میسیج انٹرنیشنل (کراچی)، شمارہ جون ۱۹۸۲ء، ص ۵

(پروفیسر شاہ فرید الحق، ترجمہ انگریزی کنز الایمان ترجمہ قرآن، اعلیٰحضرت)

اخبارات

۱۲۔ روزنامہ پیسہ اخبار (لاہور)، شمارہ ۳ رنومبر ۱۹۲۱ء، ص ۲
(ادارہ : آہ مولانا احمد رضا خاں صاحب)

۱۳۔ پندرہ روزہ شاہکار انسائیکلوپیڈیا، (لاہور) شمارہ ۱۵ اراپریل ۱۹۷۶ء، ص ۳۲۷
(ادارہ : بریلوی، مولانا احمد رضا خاں)

۱۴۔ ہفت روزہ افق (کراچی)، شمارہ ۶ رفروری ۱۹۸۰ء، ص ۲۸
خان محمد علی خاں ہوتی : دو قومی نظریہ اور اعلیٰ حضرت بریلوی)

۱۵۔ ہفت روزہ افق (کراچی)، شمارہ ۲۲ رجنوری ۱۹۷۹ء، ص ۱۰
(پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفٰے خاں : اعلیٰ حضرت کی اردو شاعری)

۱۶۔ ہفت روزہ افق (کراچی)، شمارہ ۲۲ رجنوری ۱۹۷۹ء، ص ۱۰
(پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد : مولانا احمد رضا خاں بریلوی)

۱۷۔ ہفت روزہ افق (کراچی) شمارہ ۲۲ رجنوری ۱۹۸۰ء
(پروفیسر غیاث الدین : منقبت اعلحضرت)

۲

جذبات قیس

نامہ سنت جناب ہدایت یار خاں صاحب قیس رضوی نوری بریلوی
صدر جماعت رضائے مصطفے

کوئی سپنے میں درس دکھا کے سکھی پیا رسول تڑپاوت ہے
موری رین کٹت ہے تڑپ تڑپ کر کٹھن نمیلا دوت ہے

برہا کی اگن لگی تن من میں پیا رسول اگن لگاوت ہے
کوئی من موہن من ہر لینو تس من چین بن نا دوت ہے

اڑ جا پیا اونچی اٹریاں کا ہے شور مچاوت ہے
میں برہا کی آپ ہی ماری کا ہے موکو ستاوت ہے

بالم تم جو اونچی اٹریاں ہم چڑھیاں کھائیں گریاں
بتیاں پکڑ پوتیاں پوچھیں تم بن چین نہ آوت ہے

پیتم اپنے دیس سدھارے جگ کو سونا کر گیو پیارے
موہے کا ہے جوگ دشمن جب جب تیری یاد آوت ہے

سکھیاں اپنو اپنو سنوارے پی کی پی کی بنت سناوت
پی کی پیت میں کا سے کہوں پیا رسول الو آوت ہے

پیتم کل جب سے کرت سدھارو دس بن پل پل جگ کلی نہ پرت
یوں ہی ذرہ ولاسے دے دے کر موری ٹوٹی آس بندھاوت ہے

بالم تجھ بن گھٹ گھٹ کھیچے نیناں ترس گئے درشن کو
کیوں ری سکھی میں کیسے سناؤں پی تو روح سو جاوت ہے

قادری نگلت سنگ برکتی تیری رضوی نگر پر چھوی
برکاتی برہی میں چکر اور ہمیں رنگ رچاوت ہے

اعلیٰحضرت سگرے ہاجے دنیا وا کو مجدد مانے
ناؤں ضیاء الدین احمد ہو جگت امام کہاوت ہے

رین اندھیری دور نگریا ندیا گہری نیا ہالے
ایسی کٹھن میں سب کی نیا بیڑا پار لگاوت ہے

داتا ایسی بپتا دیکھو جو بھرپور ہو وہ جگت کو !
قیس بھکاری تیرے آگے اب جھولی پھیلاوت ہے

حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی

تکوینِ عالم سے لیکر زمانہ اقدس تک خدائے عزوجل انبیاء علیہم السلام کو انسان کی ہدایت اور رہبری کے لئے مبعوث فرماتا رہا اور آخر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو "خاتم المرسلین" بنا کر تکمیلِ دین کے بعد نبوت کا دروازہ بند کر دیا۔ اس کے بعد ہر زمانہ میں اس کمل دین کی تجدید اور گمراہ شدہ لوگوں کو پھر اسی رستے کے پتہ بتانے کے لئے خاص بندگانِ خدا سے کوئی نہ کوئی ضرور آتا ہی رہا اور اس شمعِ ہدایت سے جو اسے عطا ہوا ہوتا ہے ایک بار پھر دنیا کو روشن کرتا رہا۔ خدائے عزوجل کے وہ برگزیدہ بندے صوفیائے عظام اور علمائے کرام ہیں۔ اول الذکر طبقہ کے کام دل سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور ثانی الذکر طبقہ کے ظاہری تقریر و تحریر سے علمائے کرام کے حق میں سرورِ کائنات علیہ التحیۃ والصلوٰۃ کی زبانِ فیض ترجمان سے یہ الفاظ نکلے ہیں کہ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل (میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء جیسے ہیں) اور ان کے اوصاف کو قرآن مجید نے ان ہی الفاظ میں بھر دیا ہے انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء (تحقیق اللہ کے بندوں میں سے اس سے ڈرنے والا طبقہ علماء کا ہے)۔

ہندوستان کی اسلامی تاریخ کا وہ زمانہ ہم کبھی بھول نہیں سکتے جبکہ جونپور، دہلی، سندھ، ملتان وغیرہ کے حلقے اس مبارک گروہ سے پُر، مسجدوں کے حجرے ان کی نشست و برخاست سے معمور، مسجدوں کے منبر ان کی تجلیات سے جلوہ گر، اور لوگوں کے مجمعے ان کی مواعظ و نصائح سے گرم اور متاثر نظر آتے تھے۔ ان ہی کی خامہ فرسائی نے دنیا کو عجیب کتابوں سے بھر دیا اور ان ہی کے حجج باہرہ اور براہین قاہرہ دیکھ کر دنیا کے مغرور سرپھروں کو اسلام کے آگے نہ صرف دل سے سرِ تسلیم خم کرنا پڑا۔ اور پھر لطف یہ کہ مذہبی اشاعت کے ساتھ ساتھ اپنے دنیوی گذران کے لئے بھی مختلف پیشے اختیار کئے رہتے تھے۔ اس زمانہ کا ہر بقال درسی علوم دینیہ میں وہ ید طولیٰ رکھتا تھا کہ جس کو دیکھ کر ایک دنیا دنگ رہ جاتی تھی۔

لیکن ہماری اس پستی حالت پر جتنے آنسو بہائے جائیں کم ہیں کہ اس بے شرمی کی نوکری نے ہمارے دلوں کو اس قدر اندھا کر دیا کہ ہمیں نہ دین کی پرواہ رہی نہ مذہب کی۔ جانوروں اور حیوانوں کے نوالے بنے اسی شکار کے پیچھے پڑے رہے حتیٰ کہ اپنی زندگیاں بھی انہیں میں ختم کر دیں۔

تاہم اس بے پروائی اور جہالت کے زمانہ میں بھی خدائے مہربان ہمیں نہیں بھولا۔ اور اس نے ساتھ ہی کسی نہ کسی زمانہ میں خدا کے ان برگزیدہ بندوں کی ہستی قائم رکھی۔ پھر اب بھی اگر ہم

ایک معمے کا حل

(از افادات امام اہل سنت
امام احمد رضا خاں قدس سرہٗ)

(جناب مولانا مولوی نواب سلطان احمد خان صاحب مرحوم بریلوی نے ذیل کا معمہ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت کی خدمت میں بغرض حل ارسال فرمایا۔ جس کو چند منٹ میں حل فرماکر واپس فرمادیا۔)

معمہ

چیست آں جانور کہ ہیئت او — گاہ بدرو گہے ہلال بود
چار سر دارد و دو پا دارد — عمر او در جہاں سہ سال بود
خوردنش دا انما نسیم است — یا نمو سیرش اتصال بود
در پریدن چو دود ہوا گیری — راست چوں صورت غزال بود
گاہ بر تخت پادشاہی فاش — گاہ در کوچہ پائمال بود
گاہ در عرصۂ زمیں باشد — گاہ بر قلۂ جبال بود
اولش لام آخرش ہم لام — باقیش چار حرف دال بود

ہر کہ بکشاید ایں معمہ را
مشکل او در جہاں محال بود

حل: آپ کا معمہ بحمدہٖ تعالیٰ چند منٹ میں حل ہوگیا اس کا حل یہ ہے۔

اوّل۔ یہ عدل ہے جانور اس لئے کہ حیات ملک اسی کے سبب ہے تو وہ صاحب جان ہے "بدر" اپنے زمانہ کمال میں "ہلال" جبکہ زوال میں۔ چار سر خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ "دو پا" حضرت امیر معاویہ و حضرت امیر المؤمنین عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ "سہ سال" سے مراد تینوں قرن۔ زمانہ رسالت و صحابہ و تابعین کہ خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم۔ انہیں تین زمانوں میں عدل رہا۔

یا سہ سال سے وہی تینوں زمانے یعنی اوّل خلافت راشدہ جس کی طرف قرنی سے اشارہ ہے "ق" صدیق "ر" عمر "ن" عثمان "ی" علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم

دوم۔ امارت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
سوم۔ سلطنت امیر المؤمنین عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

"نمو" "نسیم" اس کی خوراک ہونا یہ کہ اغنیاء سے اموال لیتا اور فقراء پر تقسیم کرتا ہے کہ حاجت پر آنے میں فریقین برابر ہو جائیں۔ یہی عدل ہے۔ "نسیم" سے اتصال یہ کہ اس کا اجرا بطرق دشوار اور خرچ رکھنے کو خزانہ درکار۔

"غزال" سے مراد آفتاب کہ عربی میں اسکو غزالہ کہتے ہیں۔ جس طرح آفتاب کا نور دم کے دم میں مشرق سے مغرب تک پھیل جاتا ہے۔ یونہی اسلامی عدل نے آناً فاناً جہان کو منور کردیا۔ کبھی تخت بادشاہی پر زمانہ سلاطین عادل میں۔ کبھی گلیوں میں پامال جبکہ شاہان جابر ہیں۔ زمین و جبال سب اسی سے حصہ لیتے ہیں۔ ہر جگہ جاری ہوتا ہے اس کا آخر لام اور اول حا آخر سے باقی حرف دال ہونا تو ظاہر، بعد اس کا اول لام یوں ہے کہ لام کے عدد سی اور سی کے عدد ستر اور ستر کا عدد "ع" مثل کرنے والے کا مثل محال اسلئے کہ ایسے حل نہ کریگا مگر سنی۔ اور سنی کا مثل قطعاً محال ہے کہ جو عقائد باطلہ رکھتا ہو ظاہر ہے کہ اہل حق کا مثل نہیں ہو سکتا۔ اور جو عقائد حق رکھتا ہو وہ خود سنی ہوگا نہ کہ سنی کا مثل۔ لہٰذا اس کا مثل ممتنع ہے۔

بحمدہٖ تعالیٰ چند منٹ میں پر شگفتہ ہو کر حل

HAZRAT MAULANA AHMAD RAZA KHAN BRAILVI

(Mercy be upon him)

Translated by

Prof. Akhtar Hussain

Hazrat Maulana Ahmad Raza Khan Brailvi is a well known Religious Head and a Great Reformer of the present century, whose anniversary or Urs is celebrated in the Sub-Continent of Indo-Pakistan. In many other Islamic Countries also it is celebrated with great reverance.

For the reputation of an artist or a scholar, suitable circumstances, show and publicity are required. A genius or a learned man of to-day cannot rise, to the pinnacle of glory until and unless the values of life and the prevalent customs do not lend him support. But those divines who have known themselves and also God, who have known how to deal with their environments and circumstances, can ameliorate the declined conditions, and can also change things into stark realism. Such people rule even in wildernesses though they do not have access to show and pedantry. "Amongst such monarchs of the realm of spiritualism is the celebrated name of Aala Hazrat Maulana Ahmad Raza Khan Brailvi".[1] He kept himself away from the transitory distinctions of life, its false publicity, in the lonesome nook of Brailly (Bharat). He passed his days surrounded by books, pens and inkpots. His own verses explain his attitude towards life and its problems.

1. *In Praise of Ahmed Raza Khan Qadri* the tribute paid by Islamic Scholars and Saints written by the Preacher and Missionary, Maulana Ibrahim Khushtar Siddiqi in the Raza-e-Mustafa (Monthly).

شاہ احمد رضا خاں "رضا" بریلوی

(۱۲۷۲ھ — ۱۳۴۰ھ)

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آ گیا
اس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

جس کو بارِ دو عالم کی پروا نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام

فتحِ بابِ نبوت پہ بے حد درود
ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

مولانا احمد رضا خان رضا بریلوی کا شمار علمائے دین میں ہوتا ہے۔ شبلی، حالی، امیر مینائی اور اکبر الہ آبادی کے ہم عصر تھے۔ ان کی شاعری کا خاص موضوع سرورِ کونین کی ذاتِ اقدس ہے۔ مولانا رضا بریلوی، صاحبِ شریعت بھی تھے اور صاحبِ طریقت بھی۔ دیوان "حدائق بخشش" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ انداز بیان سادہ مگر شگفتہ اور برجستہ۔ اسی وجہ ہے کہ بہت زیادہ مقبولیتِ عوام حاصل ہوئی۔

حضرت فاضل بریلویؒ کی حدائقِ بخشش کا ابھی تک کوئی ایسا ایڈیشن نہیں چھپا، جو کتابت کی غلطیوں سے پاک ہو۔ نظیر صاحب نے کوشش کی ہے کہ ایک بہترین انتخاب، کتابت کی غلطیوں سے پاک، قارئین ضیائے حرم کی خدمت میں پیش کیا جائے۔

مولانا احمد رضا خان بریلویؒ کا منتخب کلام

(اصغر حسین خان نظیر لدھیانوی)

پڑھا ہم نے کلام احمد رضا کا — یہ آئینہ ہے شانِ مصطفےٰ کا
کیے آیاتِ قرآنی سے واضح — جو رتبہ ہے حبیبِ کبریا کا
اضافہ بے بہا ہے یہ ادب میں — حسیں مجموعہ ہے نعت و ثنا کا
بیاں رنگیں، زباں پرکیف و شیریں — نشیمن ہے بہارِ جاں فزا کا
نہیں مجموعۂ شعر و غزل یہ — چمن ہے نکہت و رنگ و ضیا کا
کوئی مصرع نہیں صنعت سے خالی — سخن کس کا ہے اس حسن و ادا کا

وہ ہیں بحر العلوم دین و دنیا
نہیں ثانی نظیرؔ احمد رضا کا

مولانا احمد رضا خان صاحب بریلویؒ اپنے وقت کے مشہور و معروف عالم دین، مفسر قرآن، متکلم، فقیہ، خطیب، شاعر اور مصنف ہیں۔ ان کی تصانیف کی فہرست میں کئی سو کتابوں کے نام نظر آتے ہیں۔ اُن کے فتاوے کا مجموعہ فتاوےٰ رضویہ کے نام سے ۱۲ جلدوں میں شائع ہو چکا ہے۔ مولانا علم جغرافیہ اور علم ریاضی، ہیئت کے بھی ماہر تھے۔ ان کی زندگی کا سب سے بڑا سرمایہ عشقِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے۔ جس کا اظہار اُن کی نعتوں میں ہوا ہے۔ وہ حج بیت اللہ سے بھی مشرف ہوئے۔ وہ شریعت اور طریقت دونوں میدانوں کے شہسوار تھے۔ ان کی نعتوں کا مجموعہ حدائقِ بخشش کے نام سے تین حصوں میں شائع ہوا تھا۔ تیسرے حصے میں نعتوں کے علاوہ پیرانِ پیر حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ اور دیگر بزرگانِ دین کی مدح میں بھی قصائد ہیں۔ خوش قسمتی سے مجھے حدائقِ بخشش کے تینوں حصوں کے مطالعے کا موقع ملا ہے۔ ان کی نعتیں اردو ادب میں بہت بلند مقام رکھتی ہیں۔ میں ذیل میں ان نعتوں

شخصيات اسلامية من الهند

مولانا احمد رضا خان

(١٢٧٢ - ١٣٤٠ هـ)

يعد مولانا أحمد رضا خان بريلوي ، من طليعة علماء الهند المسلمين الذين ساهموا مساهمة فعالة في خدمة الدين واللغة العربية في أنحاء شبه القارة الهندية ، وله صفحات مشرقة في تاريخ نشر العلوم العربية والاسلامية في ربوعها ، وقد وضع مؤلفات عديدة في التفسير والحديث والفقه وعلم الكلام والتصوف ، وغيرها من العلوم الاسلامية ، كما أن له مؤلفات في فروع الأدب من صرف وبلاغة وشعر وإنشاء . وصنف أيضا في العلوم العقلية كالمنطق وعلم الهيئة والحساب والحكمة الطبيعية وغيرها .

وقد ولد أحمد رضا خان في العاشر من شوال سنة ١٢٧٢ هـ الموافق ١٤ يونيه سنة ١٨٥٦ م ، وقد سمي « محمداً » عند ولادته ، ثم اشتهر بلقب « شاه أحمد رضا خان » ، وكان أسلافه قد هاجروا من بلد « قندهار » بأفغانستان إلى الهند في عهد المغول منها ، وكان والده عالما حنفيا ذا ورع وتقى .

ويقال إن أحمد رضا خان قد حفظ القرآن الكريم كله في مدة شهر واحد ، ونبغ في مستوى العلوم الاسلامية والعربية والشرعية والحساب وغيرها تحت إشراف والده قبل أن يتجاوز سن الرابعة عشرة ، وكان من أساتذته المشهورين مولانا عبد العلي رامبوري ، والشيخ أبو الحسين نوري مارهروي ، والسيد ميرزا غلام قادر بيك .

ميله الى التصوف

وقد بعث في سلوك أحمد رضا منذ الصغر ، آثار الزهد في متعة الحياة الدنيوية ، والتمسك بالأخلاق الفاضلة والتواضع والجد في معاملاته مع الناس ، وفي عام ١٢٩٤ أصبح مريدا ملازما على يد المرشد الكبير . قطب الزمان سيد شاه ولي ، وقد نال مشاعر الورع والتقى والتصوف الخالص في شخصية المسلم حتى ذاع صيته في أرجاء الهند ، وبعد طلاب النور والعرفان يفدون اليه من شتى البقاع .

سفره الى الحرمين

وقام الشيخ أحمد رضا بحجة الى بيت الله الحرام وزيارة الروضة النبوية مرتين ، وقد أتاحت له هاتان الرحلتان الفرصة للقيام بزيارة المراكز العلمية في بعض البلدان العربية والاسلامية ، والاتصال بعلمائها والتشاور معهم في شئون الدين والعلم . وأثناء زيارته للبلاد العربية ، نال اجازة لرواية الأحاديث النبوية من بعض مشاهير علماء الحديث في الحجاز من أساتذتهم ، كما أجاز هو بنفسه لبعض هؤلاء العلماء حق رواية الحديث عن أسانيده الخاصة .

نبوغه في الرياضيات

وجدير بالذكر أن مولانا أحمد رضا خان قد امتاز عن كثير من أقرانه ومعاصريه من العلماء ، في التضلع من العلوم النظرية والعملية ، ومما يدل على نبوغه في الرياضيات والحساب والجبر وغيرها ، أن العالم الرياضي الشهير الدكتور ضياء الدين وكيل جامعة عليكرة الاسلامية وأمثاله ، كانوا يلجأون اليه لحل بعض المشكلات المعقدة في المسائل الحسابية والهندسية .

ويحكي الدكتور ضياء الدين أنه قد واجه في إحدى تجاربه الحسابية مشكلة معقدة ، فقرر أن يسافر الى ألمانيا ليناقش هذه المسألة مع أحد أساتذته المعروفين هناك . وأثناء سفره الى بريلي قابل الدكتور ضياء الدين في القطار مولانا أحمد رضا خان بالصدفة ، وما كان يعرف عنه شيئا إلا أنه عالم ديني متين ، وسوف حسن ، فتحدث اليه الدكتور ضياء الدين عن وجهة رحلته والرغبة منها ، فطلب منه مولانا أحمد رضا أن يشرح المشكلة ، فحلها عن بحثها على سهولة ووضوح . فأعجب به الدكتور ضياء الدين . وبعد ذلك الحين أصبح من المترددين اليه كلما صادفته مشكلة من مشكلات العلوم النظرية أو العملية .

العالم الشاعر

قدمنا قبل أن التحقيق العلمي الأصيل والخيال الذهني الخصب لا يجتمعان .

ضريح مولانا أحمد رضا خان في مدينة بريلوي تسلل اليه وهجر الزوار بالمرقد الخالدة

رسالہ درِ علمِ لوگارثم کے چند حواشی

از پروفیسر محمد ابرار حسین۔ اسلام آباد۔

محترمی جناب ابرار حسین صاحب کا تعلق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد سے ہے۔ زیر نظر مضمون رسالہ لوگارثم کے مفصل مقالہ کی تلخیص ہے۔ موصوف اس مقالہ کی نوک پلک درست فرما رہے ہیں۔ جو بعد میں ہدیۂ ناظرین کیا جائے گا۔ ادارہ معارف محترم ابرار حسین صاحب کا ممنون ہے کہ انھوں نے انتہائی عجلت میں زیر نظر مضمون عطا فرما دیا ——— سید ریاست علی قادری

امام احمد رضا کو کم و بیش پچپن علوم پر دسترس حاصل تھی۔ ان میں سے تقریباً ۲۴ علوم و فنون انہوں نے ذاتی مطالعے سے حاصل کیے۔ علوم ریاضی میں ان کی حیثیت مسلم ہے۔ مولانا ظفر الدین بہاری کی مرتب کردہ فہرست تصانیف اعلیٰحضرت میں تا بہتر کا تعلق علم ریاضی سے جن کی تفصیل اس طرح ہے

زیجات ... ۷

جبر و مقابلہ ۴

علم مثلث، ارثماطیقی، لوگارثم ۸

توقیت، نجوم، حساب ... ۲۲

ہیئت، ہندسہ، ریاضی .. ۳۱

یہ تصانیف کتب، رسائل، مقالات، اور حواشی پر مشتمل ہیں۔ افسوس کا مقام ہے کہ علم کا یہ بیش بہا ذخیرہ ابھی تک طباعت کا منتظر ہے۔

سید ریاست علی قادری کا یہ کارنامہ قابل صد تحسین ہے کہ انھوں نے رسالہ در علم لوگارثم شائع کر کے دوسروں کو دعوت فکر و عمل دی ہے۔

ریاضی اور سائنس کے بیشتر طلبہ چیمبرز (CHAMBERS) کے ریاضیاتی جدولوں سے شناسا ہیں۔ ۴ اعشاریہ، ۵ اعشاریہ، ۷ اعشاریہ کے جداول عام دستیاب ہیں۔ اس علامہ نے ۱۸۴۴ء میں "چیمبرز تعلیمی نصاب" کے سلسلے میں یہ جداول پہلی بار شائع کیے جنکا سرورق کچھ اس طرح ہے۔

Mathematical Tables
consisting of
Logarithms of Numbers
1 to 108000
Trigonometrical Nautical
& other Tables
Edited by

MAULANA AHMAD RAZA KHAN

A Personal View (1856 - 1921)

Prof. G.D. Qureshi
Vice Chairman,
Pakistan Muslim Association,
Newcastle-upon-Tyne (England)

Talking or writing about Maulana Ahmad Raza Khan is always a spiritually elevating experience for me. The roots of my liking for him are deep and strong. When I was a child I used to hear his poems in praise of Prophet Muhammad being recited by people, whose religious knowledge I respected. Particularly his Salam in which every quality of Prohpet Muhammad's personality has been praised in appropriate words in separate verses has made an appeal to my imagination. It is a rare joy to recall the vivid memories of this Salam in its melodious tune from a nearby mosque, while I was engaged in my studies for my examinatios in my school and college days. Later on in life, when I became capable of judging matters of literary and religious nature for myself, I read a collection of his devotional poems. I then realised that my liking for him rests on three main factors which I shall briefly discuss here.

Firstly, his choice of poetry as the medium of his literary expression is very close to my own temperament. I believe that the lofty, philosophic and imaginative heights which can be expressed through poetry cannot be sufficiently described through any other branch of literature. We know that by training and profession he was a Muslim jurist. He was only fourteen years of age when he was commissioned by his religious teacher to write a judgement which involved an important point of law. So, if he had preferred prose to poetry, his position would have justified this choice. Instead he sang the priases of Prophet Muhammad through inimitable lyrical poems. This choice was intuitive and most appropriate. I often feel that he could not have done justice to this subject if he had not adopted poetry as his medium of communication. His profound emotions of love for the Islamic way of life in general and the personality of the Prophet in particular needed the depth of poetry to attain a satisfactory expression. I have noted with immense joy that his choice of words, rhymes, metaphors, similies and the general drift of his style reflect the profundity of his love for every aspect of our beloved Prophet. Poetry was the ideal medium for him and he chose it, and I am happy he did. On top of that what has struck me as even more suitable arrangement in his case is that he has combined his supern skill as a poet with the best theme, that is, his deep love for his ideal in life. He is inspired by his love and he lifts us above ourselves and transports us into a realm of unmixed and eternal joy.

جدید و قدیم سائنسی افکار و نظریات

(پہلی قسط)

اور

امام احمد رضا

ڈاکٹر محمد مسعود احمد، مجددی۔ پرنسپل گورنمنٹ کالج ٹھٹھہ (سندھ)

پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب مجددی، حضرت مولانا مفتی محمد مظہر اللہ صاحب قدس سرہ امام شاہی جامع مسجد فتحپوری دہلی کے فرزند ارجمند ہیں ــــ نامور محقق۔ اردو، انگریزی کے صاحب طرز ادیب، پابند شرع عالم، مغربیات کے ماہر، اور مشرقی و مذہبی تہذیب کے پرجوش داعی ہیں ــــ متعدد علمی اداروں کے فعال رکن اور گورنمنٹ ڈگری کالج ٹھٹھہ سندھ کے ہردلعزیز پرنسپل ہیں ــــ امام احمد رضا قدس سرہ کی شخصیت پر ان کے بیسیوں مبسوط مقالے اور مقدمے منظر عام پر آچکے ہیں ــــ ان دنوں اسی شخصیت کے متعدد گوشوں پر برابر تحقیق کر رہے ہیں۔ مگر جمال یار کی رعنائیاں ختم نہیں ہوتیں، اور ہوں کیسے جب کہ اس شخصیت کے بارے میں متعدد اکابر حرمین نے فرمایا۔

وَلَيْسَ عَلَى اللّٰهِ بِمُسْتَنْكَرٍ
أَنْ يَجْمَعَ الْعَالَمَ فِي وَاحِدٍ

موصوف کا قدرے تفصیلی تعارف ان کی تالیفات۔ فاضل بریلوی علماء حجاز کی نظر میں، (طبع سشتم از المجمع الاسلامی مبارکپور) اور "گناہ بے گناہی"، (فاضل بریلوی پر الزام انگریز نوازی سے متعلق تحقیقی مقالہ جو بہت جلد المجمع الاسلامی مبارکپور سے شائع ہونے والا ہے) کے شروع میں ملاحظہ فرمائیں ــــ محمد احمد اعظمی مصباحی ۳۰/۸/۱۴۰۱ھ

امام احمد رضاؒ خاں نے علوم عقلیہ کی ابتدائی تحصیل بعض اساتذہ سے کی۔ مثلاً مولانا نقی علی خاں۔ شاہ ابوالحسین احمد النوری، مولانا عبدالعلی رامپوری، مرزا غلام قادر بیگ وغیرہ ــــــ مگر ان علوم میں اپنی خدا داد قابلیت سے کمال حاصل کیا ــــ انہوں نے خود لکھا ہے کہ، جب ریاضی اور جیومیٹری وغیرہ کی تحصیل شروع کی تو ان کی فطری ذکاوت کو دیکھ کر ان کے والد مولانا نقی علی خاں نے کہا،

"تم اپنے علوم دینیہ کی طرف متوجہ رہو۔ ان علوم کو خود حل کر لوگے"[۱۲]

چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ نہ صرف یہ کہ ان علوم کو حاصل کیا بلکہ ان علوم پر مختلف تصانیف اور حواشی لکھے اور خود تحقیقی

[ا] بانی مدرسہ درسیہ کراچی مولانا محمد عبدالکریم مدرس ۱۳۴۴ھ/ ۱۹۲۶ء نے امام احمد رضا کے سال رحلت کا مادۂ تاریخ **مقبول حق احمد رضا** نکالا ہے ــــــ امام احمد رضا کے حالات و افکار کے لئے راقم کا مقالہ "احمد رضا خاں بریلوی" [۱۳] مطالعہ کریں۔ یہ مقالہ ادارۂ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کے ماہنامہ "فکر و نظر" کے اپریل، مئی، جون ۱۹۰۸ء کے تین شماروں میں شائع ہوا ہے ــــــ مزید تفصیلات کے لئے مندرجہ ذیل ماخذ سے رجوع کریں۔

(ا) ـ فیاض محمود، تاریخ ادبیات مسلمانان ہند و پاکستان۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور ۱۹۷۲ء جلد

(ب) ـ محمد مسعود احمد، مقالہ "رضا بریلوی"، انسائیکلو پیڈیا آف اسلام۔ جلد دہم، پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

(ج) ـ محمد یسین اختر مصباحی: امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں۔ مطبوعہ الہ آباد ۱۹۷۶ء و مطبوعہ کراچی

(د) ـ المیزان بمبئی: امام احمد رضا نمبر۔ مارچ ۱۹۷۶ء

(ہ) ـ انوار رضا: شرکت حنفیہ لمیٹڈ۔ مطبوعہ لاہور ۱۹۷۷ء

(و) ـ شجاعت علی قادری: مجدد الامۃ ـ (عربی) مطبوعہ کراچی ۱۹۷۶ء

(ز) ـ محمد مسعود احمد: عبقری الشرق (انگریزی) مرکزی مجلس رضا لاہور ۱۹۷۶ء

(ح) ـ محمد برہان الحق مفتی: اکرام امام احمد رضا۔ مطبوعہ لاہور ۱۹۸۱ء

[۲] احمد رضا: الکلمۃ الملھمۃ فی الحکمۃ المحکمۃ لوھاء فلسفۃ المشئمۃ مطبوعہ دہلی ۱۹۷۴ء

AL-BAQARAH

Translations from Holy Quran

(Prof. Shah Faridul Haq)

72. And when you shed the blood of a person then began accusing for it each other and Allah was to disclose what you were hiding.

۷۲۔ واذ قتلتم نفساً فادرءتم فيها واللہ مخرج ما كنتم تكتمون ۔

73. Then we said, "Strike with a part of that cow to the slain. (1) Allah will thus give life to the dead, and He shows you His signs, so that you may understand. (2).

۷۳۔ فقلنا اضربوه ببعضها كذلك يحي اللہ الموتى ويريكم ايته لعلكم تعقلون ۔

74. Then, thereafter your hearts hardened (3), then they are like stones, but harder than those, and of stones there are some from which rivers gush forth and some are those that split then water comes therefrom and there are some that fall down (4) for fear of Allah, and Allah is not unmindful of your doings.

۷۴۔ ثم قست قلوبكم من بعد ذلك فهي كالحجارة او اشد قسوة وان من الحجارة لما يتفجر منه الانهر وان منها لما يشقق فيخرج منه الماء وان منها لما يهبط من خشية اللہ وما اللہ بغافل عما تعملون ۔

75. Then O Muslims, Do you covet that the jews would believe you? Whereas one group of them was that which used to hear the words of Allah, then used to pervert it knowingly after having understood it (5).

۷۵۔ افتطمعون ان يؤمنوا لكم وقد كان فريق منهم يسمعون كلام اللہ ثم يحرفونه من بعد ما عقلوه وهم يعلمون ۔

آہ مولانا احمد رضا خاں صاحب

مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی

کے انتقال پر ملال کی خبر نذر ناظرین ہو چکی ہے۔ مرحوم
کے متعلق یہ بتانا ضروری ہے کہ آپ ہندوستان
میں علوم اسلامیہ و دینیہ کے آفتاب تھے۔ موجودہ
فاضل اور متبحر جید عالم آپ کی وفات سے ہندوستان
سے ایک ایسی برگزیدہ ہستی اٹھ گئی جس کی خالی جگہ
پر ہونا ناممکن نظر آتا ہے۔ آپ پکے مسلم اور صادق مومن
اور پابند شرع تھے۔ اور جس قدر کہ علوم اسلام
میں معروف تھے آپ سے فیض پانے والوں
کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ ہندوستان کے مذہبی
اسلامی حلقوں اور علمائے دین میں آپکی بڑی قدر و
منزلت تھی۔ ترک موالات کے متعلق مرحوم کی رائے
یہ تھی کہ جب مسلمانوں میں ترک موالات کا حکم صادر
ہے تو اس میں استثنا کی ضرورت نہیں۔ وہ یہ کہ
جب اسلام میں یہود نصاریٰ اور مشرکین کے ساتھ
یکساں ترک موالات کا حکم ہے۔ تو جس طرح انگریزوں
اور ان کی حکومت سے ترک موالات کیا جاتا ہے
ویسے ہی ہندوؤں سے بھی جو مشرکین میں شمار کئے
جاتے ہیں ترک موالات ہونی چاہئے۔ یہ منطق
نہایت کمزور ہے کہ انگریزوں سے تو ترک موالات
ہو اور ہندوؤں سے محض سیاسی اتحاد کے سلسلہ میں موالات
روا رکھی جائے۔ ان خیالات کے ماننے والے لوگ
اور مسلمان علماء ہند جو انگریزوں اور انگریزی
حکومت سے ترک موالات کے حامی تھے۔ مرحوم سے
بہت ناخوش تھے۔ یہاں تک کہ آپ کو بدنام
کرنے میں ان کی طرف سے کوشش کا کوئی دقیقہ باقی
نہیں رہ گیا۔ باوجود اس کے مرحوم کا پائے ثبات
اپنے راستے سے نہ ہٹا۔ یہاں تک کہ مخالفین
تک مرحوم کی للہیت اور بے نظیر قابلیت کے دل سے
معترف تھے۔ خدا تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ
دے آپ کے پسماندگان کو صبر جمیل بخشے اور مرحوم
کا آپ کا نعم البدل عطا فرمائے۔

اعلیٰ حضرت کی اردو شاعری

ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ۔ صدر شعبہ اردو سندھ یونیورسٹی جامشورو

مولانا احمد رضا خان بریلوی

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

اعلحضرت احمد رضا خان فاضل بریلویؒ کے حضور نذرانہ عقیدت

غیاث قریشی
نیو کاسل انگلینڈ

عشق رسول و نعت کے قبلہ نما ہیں آپ
گویا نشانِ منزلِ اہلِ وفا ہیں آپ

راضی کیا خدا کو رضائے حبیب سے
کتنے عظیم نعت گو احمد رضاؒ ہیں آپ

غیاث بھی ہے مدعی عشق رسول کا
کہہ دوں گا روزِ حشر کہ میرے گواہ ہیں آپ

خوشبو گلوں میں جس طرح شبنم میں تازگی
دل میں حضور اس طرح جلوہ نما ہیں آپ

بنجر زمیں میں جس نے کھلائے خوشی کے گل
اس گلشن حجاز کی بادِ صبا ہیں آپ

تنہا درِ حبیب پہ پہنچوں گا کس طرح ؟
کہتا ہے دل نہ ڈر کہ مرے رہنما ہیں آپ

کشتی بھنور میں آج گھری ہے تو کیا ہوا
ہوگی ضرور پار، مرے ناخدا ہیں آپ

تعارُف

از

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

عزیزہ آر۔ بی۔ مظہری سلّمہا سندھ یونیورسٹی (حیدرآباد سندھ) کی ریسرچ اسکالر ہیں۔ انہوں نے ۱۹۸۰ء میں سندھ یونیورسٹی سے ایم۔ اے کیا اور قادریہ سلسلے کے ایک بزرگ شاعر میر سید علی غمگین شاہجہاں آبادی کی نادر تصنیف دیوان اُردو رباعیات مکاشفات الاسرار کے مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری (لندن) پر کام کر کے محققین کی فہرست میں شامل ہوئیں ـــــ ان کو کام کرنے کی ایسی لگن ہے کہ دن رات ایک کر دیتی ہیں اور موضوع کا اُس وقت تک پیچھا نہیں چھوڑتیں جب تک کہ کام مکمل نہ ہو جائے ـــــ جو کام دوسرے محققین کو پہاڑ معلوم ہوتے ہیں۔ آسانی سے کر گزرتی ہیں، یہ خوبی ان کو دین کی محبت سے حاصل ہوئی ہے۔

عزیزہ موصوف متبع شریعت ہیں، یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے باوجود اُنہوں نے بُرقعہ کا خاص اہتمام رکھا، یہ دین پر ان کی استقامت کی دلیل ہے۔ وہ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ میں حضرت مفتئ اعظم شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی علیہ الرحمۃ (شاہی امام مسجد جامع فتحپوری، دہلی) سے بیعت ہیں، ان کے والدین مرحومین بھی اسی سلسلے میں حضرت شاہ محمد رکن الدین الوری علیہ الرحمہ سے بیعت تھے۔ عزیزۂ موصوفہ کے احوالِ قلبیہ و روحانیہ قابلِ رشک ہیں، آجکل جدید تعلیم یافتہ طبقے میں خصوصاً طبقۂ خواتین میں ایسی شخصیت عنقا نظر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اور بلندیاں عطا فرمائے اور دارین میں سرفراز کرے۔ آمین

عزیزہ موصوفہ نے سندھ یونیورسٹی (حیدرآباد سندھ) سے ۱۹۸۲ء میں امام احمد رضا پر ایم۔اے فل کی ڈگری حاصل کی اور اب وہ پی۔ایچ۔ڈی کے لئے کام کر رہی ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ ان کو کامیاب فرمائے۔ آمین! ان کو امام احمد رضا کے حالات و افکار سے خاص دلچسپی ہے یہی وجہ ہے کہ انہوں نے پیشِ نظر مقالہ بڑی محنت سے مرتب کیا ہے۔ دراصل یہ مقالہ امام احمد رضا پر کام کرنے والوں کے لئے ایک مفید اشاریۂ رسائل و اخبارات ہے اس سے اندازہ ہوگا کہ امام احمد رضا کی شخصیت و افکار کے کتنے گوشوں پر کام ہو چکا ہے ــــ لیکن یہ اشاریہ مکمل نہیں کہا جا سکتا کیوں کہ ہندوستان اور بعض دیگر ممالک کے رسائل و اخبارات کا مطالعہ نہیں کیا جا سکا بہر حال یہ کمی آئندہ ایڈیشن میں پوری کی جا سکتی ہے ــــ مقالات و مضامین کی یہ فہرست ان مقالات کے علاوہ ہے جو کتابی صورت میں شائع ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ ضرورت ہے کہ ایک مبسوط "اشاریہ امام احمد رضا" مرتب کیا جائے جس میں رسائل و اخبارات کے علاوہ تمام کتابوں کے حوالے بھی آجائیں لیکن یہ نہایت ہی صبر آزما کام ہے کیونکہ صرف امام احمد رضا کی تصانیف کی تعداد ہی ایک ہزار کے لگ بھگ یا کچھ زیادہ ہے۔

طبقۂ خواتین میں امام احمد رضا پر فاضلہ موصوفہ سے قبل کیلیفورنیا یونیورسٹی (امریکہ) کی ڈاکٹر باربرا مٹکاف، کام کر چکی ہیں۔ ایک فاضلہ پاشا بیگم کا مقالہ ماہنامہ عرفات (لاہور) میں شائع ہوا تھا، ایک فاضلہ خدیجہ نساء اشرفی نے امام احمد رضا کی دینی خدمات پر مقالہ لکھا تھا جو المیزان (بمبئی) کے امام احمد رضا نمبر میں شائع ہوا۔ حیدرآباد سندھ کی ایک اور فاضلہ آر۔بی صدیقی نے امام احمد رضا سے متعلق مختلف فضلاء کے تأثرات پر ایک طویل مقالہ مرتب کیا تھا جو ہفت روزہ افق (کراچی) کے متعدد شماروں میں شائع ہوا، جبل پور (بھارت) کی ایک فاضلہ طاہرہ قادری، امام احمد رضا کی نعتیہ شاعری پر جبل پور یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کر رہی ہیں۔ الغرض طبقۂ خواتین میں امام احمد رضا پر مسلسل لکھا جا رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ فاضلہ عزیزہ آر۔بی مظہری کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے محققین کے

لئے ایک سوغات پیش کی ہے ، وہ ہم سب کے لئے کی مستحق ہیں ۔ مولائے کریم ان کی تحقیقی نگارشات کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے ۔ آمین !

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ

(پرنسپل، گورنمنٹ ڈگری کالج ، ٹھٹھ، سندھ، پاکستان)

۲۱ محرم الحرام سنہ ۱۴۰۳ھ
۸ نومبر سنہ ۱۹۸۲ء

باسمہٖ تعالیٰ

سال	ماہ	رسائل	مقالہ	مقالہ نگار	نمبر شمار
			۱۹۲۲ء		
۱۹۲۲ء	ستمبر	تصوف (لاہور)	مولانا احمد رضا خاں بریلوی	اللہ بخش عقیلی ٹھٹھوی	۱
			۱۹۲۶ء		
۱۹۲۶ء		یادگار رضا (بریلی)	جذبات قیس	ہدایت یار خاں قیس رضوی	۲
"		"	ذکر رضا	محمود جان جودھپوری، مولانا	۳
			۱۹۵۷ء		
۱۹۵۷ء	جون	ماہ طیبہ (کوٹلی لوہاراں) سیالکوٹ	اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی	حکیم خلیل الرحمن رضوی، مولانا	۴
			۱۹۵۸ء		
۱۹۵۸ء	۲۶ ستمبر	ہفت روزہ جمعیت (لاہور)	منقبت، مجدد ملت مولانا احمد رضا خاں	حافظ پیر بخش بلوچ تونسوی	۵
			۱۹۵۹ء		
۱۹۵۹ء	۲۸ اگست	سواد اعظم (لاہور)	امام اہلسنت کے غیر مطبوعہ ملفوظات	سید رضا علی رضوی	۶
"	دسمبر	السعید (ملتان)	(الامداد اعلیٰحضرت کی ایک عبارت پر اعتراض کا جواب)	سید احمد سعید کاظمی، مولانا	۷
			۱۹۶۰ء		
۱۹۶۰ء	اگست	نوری کرن (بریلی)	امام اہل سنت	حبیب الاسلام نسیم اعظمی، مولانا	۸
			۱۹۶۲ء		
۱۹۶۲ء	اپریل	"	اعلیٰ حضرت کا ایک ضروری مسئلہ	ادارہ	۹

		۱۹۶۳ء			
۱۰	امیر البیان سہروردی	اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی	پندرہ روزہ طوفان (ملتان)	۲۳ر جنوری	سنہ ۱۹۶۳ء
۱۱	اُمید رضوی	حق گزیدا ز ہند یک مرد خُدا	نوری کرن (بریلی) امام احمد رضا نمبر	جولائی	〃
۱۲	ادارہ	امام اہلسنّت کے مدائح جلیلہ علمائے حرمین کے قلم سے،	〃	〃	〃
۱۳	حضرت سید محمد محدث کچھوچھوی	مجدد مائۃ حاضرہ	〃	〃	〃
۱۴	حسنین رضا خاں، مولانا	اعلیٰحضرت کے مختصر حالات	〃	〃	〃
۱۵	کاشف حبیبی	اعلیٰحضرت کی شخصیت مقدسہ	〃	〃	〃
۱۶	ادارہ	سیرت اعلیٰحضرت کی چند جھلکیاں	رضائے مصطفےٰ (گوجرانوالہ)	۲۲ر جولائی	〃
۱۷	ادارہ	اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی	〃	〃	〃
۱۸	نواب وحید احمد خاں	امام اہلسنّت بارگاہ رسالت میں	نوری کرن (بریلی)	جولائی	〃
۱۹	س۔ ف بیگم رضوی	اعلیٰ حضرت کا بچپن	〃	〃	〃
۲۰	حبیب رضا خاں، مولانا	مجدد کی دینی اہمیت	〃	〃	〃
۲۱	محمد حسین آسی	ذکر معراج اور اعلیٰحضرت فاضل بریلوی	رضائے مصطفےٰ (گوجرانوالہ)	۷ر دسمبر	〃
		۱۹۶۴ء			
۲۲	اقبال احمد نوری	کلام الامام، امام الکلام	نوری کرن (بریلی)	مئی، جون	سنہ ۱۹۶۴ء
۲۳	〃	شرح کلام، امام اہلسنّت اعلیٰحضرت	〃	〃	〃
۲۴	ادارہ	اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں کی چند کرامات	ہفت روزہ محبوب حق (لائلپور)	۳ر جولائی	〃
۲۵	پروفیسر محمد اسحاق	حضرت مجدد اعظم	〃	〃	〃
۲۶	ادارہ	اعلیٰحضرت کی تصنیفات پر ایک نظر	〃	〃	〃

۲۷	مشتاق احمد نظامی، مولانا	اعلیٰحضرت کی شانِ تجدید پر ایک نظر	ہفت روزہ	۳؍جولائی	سنہ ۱۹۶۴ء
۲۸	مفتی شریف الحق رضوی، مولانا	اعلیٰ حضرت کے اشعار پر اعتراض اور اُس کا جواب،	محبوب حق (دلالپور) نوری کرن (بریلی)	اکتوبر	〃
۲۹	ادارہ	کنز الایمان اور دیگر تراجم کا موازنہ	رضائے مصطفیٰ (گوجرانوالہ) امام احمد رضا نمبر	〃	〃 〃
۳۰	ادارہ	علم کا بادشاہ	〃	〃	〃
۳۱	〃	اعلیٰ حضرت بریلوی اپنوں کی نظر	〃	〃	〃
۳۲	〃	نغماتِ رضا	〃	〃	〃
۳۳	محمد صابر نسیم بستوی	جامع کمالات مجدد اعظمؒ	〃	〃	〃
۳۴	ادارہ	اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی اپنے مخالفین کی نظر میں۔	〃	〃	〃
		۱۹۶۵ء			
۳۵	ادارہ	اعلیٰ حضرت کی شخصیت کے چند پہلو۔	رضائے مصطفیٰ (گوجرانوالہ)	۲۲؍جون	〃
۳۶	سید محمد محدث کچھوچھوی	مجدد مائۃ حاضرہ	〃	〃	〃
۳۷	سید رضا علی	بارگاہ رضوی کا آنکھوں دیکھا حال	〃	〃	〃
۳۸	ادارہ	امام احمد رضا خاں غیروں کی نظر میں	اعلیٰ حضرت (بریلی)	جون	〃
۳۹	مدیر	ایک معمّے کا حل	〃	〃	〃
		۱۹۶۶ء			
۴۰	غلام محمد خاں اشہر	مجدد اعظم نمبر	تجلیات (ناگپور)	جون	سنہ ۱۹۶۶ء
۴۱	سید محمد محدث کچھوچھوی	مجدد کی صفات اور اسکی تلاش	رضائے مصطفیٰ (گوجرانوالہ)	۲۲؍جون	〃

نمبر	مصنف	عنوان	رسالہ	ماہ	سنہ
۴۲	ادارہ	سیرت اعلیٰحضرت کی چند جھلکیاں	رضائے مصطفےٰ (گوجرانوالہ)	۲۲ جون	سنہ ۱۹۶۶ء
۴۳	"	امام اہلسنت مخالفین اہلسنت کی نظر میں ۔	"	"	"
۴۴	"	باتیں اُن کی یاد رہیں گی ۔	"	"	"
۴۴	محمد شریف قادری، مولانا	اعلیٰحضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں بریلوی	"	"	"
۴۵	اُمید رضوی	امامِ اہل سنت	اعلیٰحضرت (بریلی) (مجدد اعظم نمبر)	جون	"
۴۶	ادارہ	امامِ اہلسنت کے آخری ارشادات	"	"	"
۴۷	سید محمد محدث کچھوچھوی	مجدد اعظم	"	"	"
۴۸	قدیر اختر ندوی	ثنائے رسالت	"	"	"
۴۹	مجیب الاسلام نسیم اعظمی	علمائے حرمین شریفین کے اعزازی کلمات ؛	"	"	"
		۱۹۶۷ء			
۵۰	خواجہ حسن نظامی	مولانا احمد رضا خاں	کتابی دنیا (کراچی)	جنوری	سنہ ۱۹۶۷ء
		۱۹۶۸ء			
۵۱	عبدالمنعم ہزاروی، مولانا	امام اہلسنت فاضلِ بریلوی، بحیثیت ایک مدبر و مصلح	ترجمانِ اہلسنت (کراچی)	جنوری	سنہ ۱۹۶۸ء
		۱۹۶۹ء			
۵۲	قمر یزدانی، مولانا	نذرِ عقیدت	جامِ رضا (راولپنڈی)	اپریل	سنہ ۱۹۶۹ء
۵۳	تابش قصوری، مولانا	حلیہ مبارک اعلیٰحضرت رح	"	"	"
۵۴	حسن علی رضوی، مولانا	رضا یہ نعت نبی تے بلندیاں بخشیں	"	"	"
۵۵	سید لطیف حسین ادیب، ڈاکٹر	اعلیٰحضرت بحیثیت شاعر	"	"	"

۵۶	ادارہ	ترجمہ اعلیٰحضرت، کنزالایمان	جام رضا راولپنڈی	اپریل	۱۹۶۹ء
۵۷	محمد سلیمان چشتی، مولانا	اعلیٰحضرت پر ایک نظر	"	"	"
		۱۹۷۰ء			
۵۸	محی الدین الوائی، ڈاکٹر	مولانا احمد رضا خاں بریلوی	صوت الشرق (قاہرہ۔مصر)	فروری	۱۹۷۰ء
۵۹	سید سعادت علی قادری، مولانا	اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی	ترجمان اہلسنت (کراچی)	مارچ	"
۶۰	محمد ظفر الدین بہاری، مولانا	حیات اعلیٰحضرت پر ایک نظر	رضائے مصطفیٰ (گوجرانوالہ)	اپریل	"
۶۱	پیر بخش بلوچ تونسوی، حافظ	شاعر بارگاہ اعلیٰ حضرت میں	"	"	"
۶۲	محمد صدیق اکبر، مولانا	اعلیٰ حضرت اور ان کی تعلیمات	الحبیب (لاہور)	"	"
۶۳	اقبال احمد فاروقی، علامہ	اعلیٰحضرت کی نظر میں مدینے کی گلیاں	"	"	"
۶۴	محمد صدیق اکبر، مولانا	آسمان علم کا ایک درخشاں ستارہ	عرفات (لاہور) اعلیٰ حضرت نمبر	"	"
۶۵	ادارہ	اعلیٰحضرت اور شہنشاہ بطحا کا شہر	"	"	"
۶۶	عابد نظامی	مولانا احمد رضا خاں کی نعت گوئی	"	"	"
